www.express.com.pk

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس کراچی

SC(MC)/989

TUESDAY, MARCH 22, 2016

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 18 شمارہ 197 | منگل 12 جمادی الثانی 1437ھ 22 مارچ 2016ء صفحات 18 قیمت 12 روپے

ایچ ای سی کی ڈاؤ کوالٹی انہاسمنٹ سیل کی بہترین امتیازی رینکنگ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ہائر ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے کوالٹی انہاسمنٹ سیل کی درجہ بندی موصول ہونے پر ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس سے ڈاؤ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر مسعود حمید خان نے ایچ ای سی کی جانب سے ڈاؤ یونیورسٹی کو موصول ہونے والی امتیازی رینکنگ کو دیگر شعبہ جات کے لیے مشعل راہ قرار دیا، انھوں نے مزید کہا کہ ڈاؤ کوالٹی انہاسمنٹ سیل نے ماضی کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے اس سال بھی بہترین اور نمایاں رہی، ایچ ای سی کے وضع کردہ موجودہ تناسب نے ڈاؤ کوالٹی انہاسمنٹ سیل نے 87 فیصد سے زائد اسکور حاصل کیا جو ڈاؤ یونیورسٹی کے لیے منفرد اعزاز ہے، اس موقع پر وائس چانسلر نے فیکلٹی و سنڈیکیٹ اراکین کی جانب سے ڈائریکٹر کوالٹی انہاسمنٹ سیل ڈاؤ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر رعنا قمر مسعود، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد بلال اعظمی اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر شہلہ ناز اور دیگر عملے کو ان کی انتھک محنت سے یہ اعزاز حاصل کرنے پر مبارکباد دی اور موجودہ کارکردگی کو مستقبل میں برقرار رکھنے کی تلقین کی۔

پاکستان میں 10 فیصد آبادی کسی نہ کسی معذوری کا شکار ہے، پروفیسر رعنا قمر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان میں تقریباً 10 فیصد آبادی کسی نہ کسی معذوری کا شکار ہے، معذوری میں سب سے زیادہ تعداد جسمانی معذوری، ٹانگوں، ہاتھوں اور بازوؤں سے معذور ہونا سمیت بچوں میں دماغی معذوری شامل ہے۔ بچوں میں دماغی معذوری دورانِ حمل مختلف ادویات میں پائے جانے والے کیمیائی مادے کے سبب ہوتی ہے، جس کی وجہ سے حاملہ عورت کے بچے کی نشوونما میں مختلف امراض اور معذوری کا سبب بنتی ہے۔ان امراض سے متعلق آگہی دینے اور ان کے علاج میں نئی ڈیولپمنٹ سے متعلق ڈاؤ یونیورسٹی میں دوسرے دوروزہ بین الاقوامی کانفرنس منعقد کی جائے گی۔ کانفرنس یکم سے 2اپریل تک جاری رہے گی جس میں دماغی معذوری پر خصوصی لیکچر دیے جائینگے۔ ان خیالات کا اظہار ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے کوالٹی انہانسمنٹ سیل کی ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر رعنا قمر مسعود اور انسٹیٹیوٹ آف فزیکل میڈیسن اینڈ ریہیب لیٹیشن کی ڈائریکٹر پروفیسر نبیلہ سومرو نے بدھ کو کراچی پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کا ادارہ انسٹیٹیوٹ آف فزیکل میڈیسن اینڈ ریہیب لیٹیشن پاکستان میں اپنی نوعیت کا پہلا ادارہ ہے جس میں معذوروں سے متعلق تمام شعبے بشمول ٹریننگ کے ایک ہی جگہ موجود ہیں۔ یہ ڈیپارٹمنٹ بین الاقوامی معیار کی سوچ اور مشاہدہ کا حامل ادارہ ہے۔ جس میں اب تک 127159 معذور افراد کو بحالی کی سہولیات مہیا کی جاچکی ہیں جبکہ 9300 دماغی معذور بچے رجسٹرڈ ہوئے ہیں۔